© rasailojaraid.com

## تعارف و تبصرہ

مدیر کے قلم سے

### معالم العرفان فی دروس القرآن

(سورۃ المائدہ)

افادات حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مدظلہٗ

مرتب الحاج لعل دین ایم۔ اے

صفحات ۵۱۶ کتابت وطباعت عمدہ

قیمت مجلد ایک سو پچیس روپے ۔/۱۲۵ روپے

ملنے کے پتے

مکتبہ دروس القرآن، محلہ فاروق گنج، گوجرانوالہ

ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مدظلہ العالی کے دروس قرآن کو اللہ تعالیٰ نے افادیت و قبولیت کے جس شرف سے نوازا ہے وہ حضرت صوفی صاحب مدظلہٗ کے خلوص، دینی معاملات میں ان کی متوازن سوچ، اظہارِ خیال میں اعتدال اور دینی علوم کے ساتھ ساتھ عصری تقاضوں پر ان کی گہری نظر کی علامت ہے۔

روزانہ نماز فجر کے بعد جامع مسجد نور میں دیے جانے والے ان دروس قرآن کو الحاج لعل دین صاحب بڑی محنت کے ساتھ مرتب کر رہے ہیں اور اب تک آخری دو پاروں کے علاوہ سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرہ، آل عمران اور النساء کے دروس سات ضخیم اور خوبصورت جلدوں کی صورت میں منظر عام پر آ چکے ہیں اور زیر نظر آٹھویں جلد سورۃ المائدہ کے ۴۵ دروس پر مشتمل ہے جس میں حضرت صوفی صاحب مدظلہٗ نے اپنے مخصوص انداز میں سورۃ المائدہ کے معارف و مسائل کو اس خوبی سے بیان کیا ہے کہ عام پڑھے لکھے لوگ ان سے بخوبی استفادہ کر سکتے ہیں اور اہل علم بھی محظوظ ہوتے ہیں۔

سورۃ المائدہ میں حلال و حرام کے مسائل کے علاوہ سرقہ، قتل اور ڈاکہ جیسے جرائم کے بارے میں شرعی احکام اور بنی اسرائیل کے مختلف احوال کا ذکر بطور خاص اہمیت کا حامل ہے اور حضرت صوفی صاحب مدظلہٗ نے ان امور کی وضاحت اس انداز سے کی ہے کہ مختلف حلقوں کی طرف سے ان امور کے بارے میں پھیلائے گئے شکوک و شبہات کا خود بخود ازالہ ہو جاتا ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ رب العزت حضرت صوفی صاحب مدظلہٗ کو تادیر سلامت رکھیں اور ان کے افادات کو زیادہ سے زیادہ خلق خدا کی ہدایت کا ذریعہ بنائیں، آمین یا الٰہ العالمین۔

### انگریز کے باغی مسلمان

مصنف جانباز مرزا

صفحات ۴۸۸ کتابت وطباعت معیاری

سرورق خوبصورت قیمت مجلد ۷۵/، روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ تبصرہ ۴/۷ گلشن کالونی، بادامی باغ لاہور

جانباز مرزا باہمت بزرگ ہیں جو عمر کے اس حصہ میں ماضی، حال اور مستقبل سے بے خبر نئی نسل کو اس کے پرجوش ماضی کی یاد دلانے پر کمربستہ ہیں اور اپنے بڑھاپے اور بے سروسامانی کی پروا کیے بغیر اشاعتی محاذ پر ایک ادارے کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہیں۔

جانباز مرزا نے آٹھ جلدوں میں "کاروان احرار" لکھی۔ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی زندگی اور جدوجہد کو ایک مستقل کتاب "حیات امیر شریعت" میں سمویا۔ جیل کی سنگین سلاخوں کے پیچھے انسانیت پر ہونے والے

© rasailojaraid.com